05-11-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

------------------------------------------------------

1 وزیراعظم نریندر مودی نے کناڈا میں ہندو مندر پر ہوئے حملے کی سخت مذمت کی ہے اور کینیڈا کی حکومت سے انصاف اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنانے کے لیے کہا ہے۔

2 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں پہلے ایشیائی بودھ اجلاس میں شرکت کریں گی۔

3 بھارتی ریلویز آج دلی NCR سے ملک کے مختلف حصوں میں تہواروں کے پیشِ نظر 22 خصوصی ٹرینیں چلا رہا ہے۔

4 امریکہ میں نئے صدر کو منتخب کرنے کے لیے آج ووٹ ڈالے جائیں گے۔

5 FTIIs کے طالب علم کی فلم "Sunflowers Were The First Ones To Know"

نے لائیو ایکشن مختصر فلم کے زمرے میں Oscar کے لیے کوالیفائی کرلیا ہے۔

6 اور: ٹینس میں بھارت کے Rithvik Choudhary Bollipalli اور ان کے پرتگال کے ساتھی کھلاڑی Francisco Cabral فرانس میں (موزیل) اوپن کے مردوں کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Canada Attack

وزیراعظم نریندر مودی نے کناڈا میں Brampton کے مقام پر انتہا پسندوں اور علیحدگی پسندوں کی جانب سے ایک ہندو مندر پر جان بوجھ کر کیے گئے حملے کی سخت مذمت کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ ملک کے سفارت کاروں کو ڈرانے، دھمکانے کی بزدلانہ کوششیں کافی ہولناک ہیں۔

انھوں نے کہا کہ تشدد کی اس قسم کی کارروائیاں ملک کے عزم کو کبھی بھی کمزور نہیں ہونے دیں گی۔ جناب مودی نے کناڈا کی حکومت سے کہا ہے کہ وہ انصاف کو یقینی بنائے اور قانون کی بالادستی کو برقرار رکھے۔

اِس سے پہلے خارجی امور کی وزارت کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کینیڈا کی حکومت سے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہا تھا کہ اس طرح کے حملوں سے پوجا ارچنا کے سبھی مقامات کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

انھوں نے مزید کہا کہ بھارت بھی یہ امید کرتا ہے کہ اس تشدد میں ملوث ملزsموں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

ایک بیان میں Ottawa میں بھارتی ہائی کمیشن نے Brampton Ontario میں قونصل خانے کے باہر رخنہ ڈالنے والی پُر تشدد کارروائی پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔x

## Prez Buddhist Summit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، آج نئی دلّی میں پہلی ایشیائی بدھسٹ سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گی۔ یہ دو روزہ سربراہ کانفرنس آج شروع ہو رہی ہے، جس میں بودھ ازم کے مالا مال وراثت کا جشن منایا جائے گا۔ اس میں پورے خطے کے Sangha رہنما اسکالرس اور Practitioners حصہ لیں گے۔ بودھ کمیونٹی کو درپیش عصری چیلنجوں سے نمٹتے ہوئے سربراہ کانفرنس کا مقصد مذاکرات اور مفاہمت کو تقویت دینا ہے۔ ثقافت کی وزارت بین الاقوامی بدھسٹ کنفیڈریشن IBC کے اشتراک سے اس سربراہ کانفرنس کا اہتمام کر رہی ہے تاکہ ایک قدیم روایت بودھ ازم کی عزت افزائی کی جاسکے، جو نہ صرف اپنی سرحدوں کے اندر پھلی پھولی بلکہ مختلف ملکوں میں بھی پھیلی۔ اس سربراہ کانفرنس کا موضوع ہے،

”بودھ دھمّا کے رول کو مستحکم کرنا“

## New Railway Special Train

بھارتی ریلویز تہواروں کے پیشِ نظر آج سے دلی NCRسے ملک کے مختلف حصوں میں 22 خصوصی ٹرینیں چلا رہا ہے۔ اِن میں سہرسہ، جے نگر، پٹنہ، مظفر پور، گورکھپور، دربھنگہ، سکندرآباد اور مالدہ ٹاؤن کو جانے والی خصوصی ٹرینیں شامل ہیں۔ ریلویز کے مطابق، چھٹ پوجا کے دوران بلا رکاوٹ سفر کو یقینی بنانے کے لیے اِس مہینے کی 2 سے 8 تاریخ تک 145 اضافی خصوصی ٹرینیں چلائی جا رہی ہیں۔

ریلوے تہوار سیزن کے دوران لاکھوں عقیدتمندوں کے لیے بلا رکاوٹ سفر کو یقینی بنانے کے لیے روزانہ دو لاکھ اضافی مسافروں کے آنے جانے میں سہولت فراہم کر رہا ہے۔

بھارتی ریلویز تہوار سیزن کے پیش نظر پچھلے مہینے کی پہلی تاریخ سے اس مہینے کی 30 تاریخ تک مسافروں کی بھیڑ بھاڑ میں خاطر خواہ اضافے سے نمٹنے کے لیے تقریباً سات ہزار خصوصی ٹرینیں چلا رہا ہے۔x

## Maharashtra Elections

مہاراشٹر میں دو ہزار 938 امیدواروں کی جانب سے نامزدگی پرچے واپس لیے جانے کے بعد اب اسمبلی چناؤ کیلئے چار ہزار 140 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Prarthna

مہاراشٹر قانون ساز اسمبلی کی 288 نشستوں کیلئے سات ہزار اور 78 امیدواروں کی نامزدگیاں درست پائی گئی ہیں۔ مہایوتی اتحاد کے بہت سے باغی امیدواروں نیز گوپال شیٹی سویکرتی شرما، وشواجیت گائکواڑ، دھن راج مہالے اور دیگر نے اپنی نامزدگیاں واپس لے لی ہیں۔ مہاوکاس اگھاڑی کی جانب سے جن اہم امیدواروں نے نام واپس لیے ہیں، ان میں کانگریس کے باغی امیدوار مختار شیخ، مدھو چووان اور امیدوار مدھورِما راجے چھترپتی شامل ہیں۔ شیوسینا UBT نے اپنے امیدواروں کے نامPen ، Panvel اور علی باغ حلقے سے واپس لے لیے ہیں اور حلیف Peasants اینڈ ورکرپارٹی کی حمایت کی ہے۔ ریاست میں 20 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے اور ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو کی جائے گی۔

ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرمنانے کیلئے میں.......

## Constituency Profile Worli

اسمبلی حلقے کے خاکے کی سیریز کے تحت آج ہم مہاراشٹر میں Worli اسمبلی حلقے کا جائزہ لیں گے۔ ممبئی شہر میں Worli حلقہ شیو سینا کا مضبوط گڑھ مانا جاتا ہے۔

ریاست میں ایک نئی اسمبلی منتخب کرنے کے لیے واحد مرحلے کے تحت 20 نومبر کو پولنگ ہوگی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Ankita APTE

Worliمیں آئندہ اسمبلی چناؤ میں سہ رخی مقابلے کا قوی امکان ہے۔ اصل مقابلہ موجودہ ایم ایل اے اور شیوسینا کے سربراہ ادھو ٹھاکرے کے بیٹے آدتیہ ٹھاکرے اور شیوسینا کے امیدوار Milind Deora کے درمیان ہے، جو اِس سال جنوری میں کانگریس چھوڑ

کر چلے گئے تھے۔ مہاراشٹر نونرمان سینا کے امیدوار سندیپ دیش پانڈے بھی چناؤ میدان میں ہیں۔ وارلی 1990 کے بعد سے غیر منقسم شیوسینا کا گڑھ رہا ہے۔ اِس حلقے سے Dattaji Nalawade لگاتار چار مرتبہ منتخب ہوئے ہیں۔ 2009 میں کانگریس امیدوار سچن اَہیر چناؤ جیتے تھے، لیکن 2014 میں شیوسینا نے یہ سیٹ دوبارہ واپس لے لی تھی۔ آدتیہ ٹھاکرے نے پچھلے اسمبلی الیکشن میں تقریباً 68 ہزار ووٹوں کے بڑے فرق سے پچھلا اسمبلی چناؤ جیتا تھا اور یہ چناؤ انہوں نے کانگریس امیدوار سریش مانے کے خلاف جیتا تھا۔

Worliاسمبلی حلقے میں کُل دو لاکھ 64 ہزار 520 ووٹرس ہیں۔

ممبئی سے انکیتا آپٹے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.............

## PM Maha Rally

وزیراعظم نریندر مودی اسمبلی انتخابات کے لیے مہاراشٹر میں اِس مہینے کی 8 تاریخ سے 14 تاریخ تک سلسلے وار ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ مہاراشٹر BJP سربراہ چندرشیکھر Bawankule نے کہا ہے کہ جناب مودی 8 نومبر سے 14 نومبر تک 14 ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ ان میں 8 نومبر کو Dhule اور Nashik میں 9 نومبر کو Akola اور Nanded میں 12 نومبر کو چندرا پور، چیمور، سولاپور اور پونے میں جبکہ 14 نومبر کو سمبھا جی نگر، نوی ممبئی اور ممبئی میں انتخابی میٹنگس شامل ہیں۔x

## Maha DGP

ریاستی سرکار کی جانب سے ممبئی پولیس کے کمشنر Vivek Phansalkar کو، مہاراشٹر پولیس کے ڈائریکٹر جنرل کا اضافی چارج دیا گیا ہے۔ موجودہ ڈی جی پی رشمی شکلا کا تبادلہ کیے جانے کے الیکشن کمیشن کے احکامات کے بعد یہ قدم اٹھایاگیاہے۔ 20 نومبر کے اسمبلی چناؤ سے قبل، الیکشن کمیشن نے ریاستی سرکار کو محترمہ شکلا کا تبادلہ کرنے کی ہدایت دی تھی۔ وہ مہاراشٹر کی پہلی خاتون ڈی جی پی ہیں۔ اُن کا سیاسی پارٹیوں کی طرف سے شکایات ملنے کے بعد فوری طور پر تبادلہ کیا گیا ہے۔ کمیشن نے مہاراشٹر کے چیف سکریٹری کو ہدایت کی ہے کہ وہ شُکلا کو ریاست میں اگلا سب سے سینئر آئی پی ایس افسر کا چارج سپرد کردیں۔x

## Jharkhand Campaign

جھارکھنڈ میں حکمراں پارٹی اور اپوزیشن پارٹیاں لوگوں کی حمایت حاصل کرنے کے لیے ایک دوسرے پر الزامات اور جوابی الزامات عائد کر رہی ہیں۔ BJP جھارکھنڈ انتخابات کے ساتھی انچارج اور آسام کے وزیراعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے مبینہ طور پر

الزام عائدکیا ہے کہ وزیراعلیٰ ہیمنت سورین ووٹ بینک کے لیے بنگلہ دیشی دراندازوں کا تحفظ کر رہے ہیں۔

S/B Hemant Biswa Sarma

دوسری جانب JMM کے سینئر رہنما اور وزیراعلیٰ ہیمنت سورین نے بی جے پی پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ 2019 میں اُن کے اقتدار میں آنے کے بعد سے اُن کی حکومت کے خلاف سازش رچ رہی ہے۔

S/B Hemant Sorain

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کا رانچی اور اور لوہر دگا میں انتخابی جلسوں سے خطاب کا پروگرام ہے جبکہ اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ جمشید پور اور کوڈرما میں NDAامیدواروں کے لیے چناؤ مہم انجام دیں گے۔

کانگریس صدر ملکا ارجن کھڑگے Mandu اور Kanke میں ریلیوں کے دوران I.N.D.I.A.بلاک امیدواروں کے لیے ووٹ مانگیں گے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

US Prez Polls

امریکہ میں نئے صدر کے انتخاب کیلئے آج ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِس چناؤ میں اعلیٰ عہدے کیلئے ری پبلکن امیدوار ڈونالڈ ٹرمپ اور ڈیموکریٹک لیڈر اور نائب صدر کملا ہیرس کے درمیان سخت مقابلہ ہے۔

امریکہ میں پولنگ بھارتی وقت کے مطابق آج شام ساڑھے پانچ بجے اور شام ساڑھے سات بجے کے درمیان شروع ہوگی۔ ملک میں بیشتر پولنگ اسٹیشنوں میں کُل بھارتی وقت کے مطابق صبح سویرے ساڑھے پانچ بجے اور صبح ساڑھے نو بجے کے درمیان ختم ہوگی۔

پولنگ ختم ہونے کے ساتھ ہی چناؤ نتائج آنے کا امکان ہے لیکن یہ جاننے کیلئے کئی دن لگ جائیں گے کہ اگلا امریکی صدر کون ہوگا۔

بہت سے لوگوں نے ڈاک ووٹنگ نظام کا استعمال کرتے ہوئے مقررہ وقت سے پہلے ہی اپنے حق رائے دہی کا استعمال کرلیا ہے۔ امریکہ میں رائے عامہ کے ووٹ کے ذریعے صدر کا انتخاب نہیں کیا جاتا بلکہ وہاں بالواسطہ انتخابی نظام کے ذریعے صدر کو منتخب کیا جاتا ہے، جسے الیکٹرول کالج کہاجاتاہے۔x

FTII Oscars

فلم اور ٹیلیویژن انسٹی ٹیوٹ آف انڈیا FTIIs کے طالب علم کی فلم "Sunflowers Were The First Ones To Know" نے لائیو ایکشن مختصر فلم کے زمرے میں آسکر 2025 کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے۔ اِس کنّڑ زبان کی مختصر فلم کی ہدایت FTII کے طالب علم Chidananda S Naik نے کی ہے، جنہوں نے بھارتی لوک داستانوں اور روایات سے تحریک لی تھی۔

اِس سے پہلے اِس فلم نے Cannes فلم فیسٹول کے La Cinef سلیکشن میں پہلا انعام جیتا تھا۔ Cannes میں La Cinef جیوری نے اِس فلم کی اِس لیے ستائش کی تھی کہ اُس میں داستان گوئی اور نہایت پیشہ ورانہ ڈھنگ سے ہدایتکاری کی گئی تھی۔

"Sunflowers Were The First Ones To Know"

اب دنیا کی بہترین مختصر فلموں میں مقابلہ کرے گی۔

"Sunflowers Were The First Ones To Know"

ناظرین کیلئے ایک ایسی فلم ہے، جو بھارتی ثقافت اور داستان گوئی کو نمایاں کرے گی۔x

## Tourism London Event

سیاحت کی وزارت لندن کے ExCel میں آج سے شروع ہونے والی تقریب World Travel Market London میں شرکت کرے گی۔ سیاست سے متعلق یہ تین روزہ تقریب 7 نومبر کو اختتام پذیر ہوگی۔ ریاستی حکومتوں اِن باؤنڈ ٹور آپریٹرز، ایئر لائنز اور بھارت کی سیاحتی صنعت سے تعلق رکھنے والے ہوٹل چلانے والے لوگوں سمیت 50 شراکت داروں پر مشتمل ایک وفد اس تقریب میں شرکت کرے گا۔

اس تقریب میں ملک کی ثقافتوں، زبانوں اور روایتوں کے مالا مال Kaleidoscope کی نمائش کی جائے گی۔ اس سال بھارتی پویلین میں شادی بیاہ سے متعلق سیاحت، ملاقاتوں، ترغیبات، کانفرنسوں سے متعلق سیاحت اور مہا کمبھ پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

بھارتی شادی بیاہ کی جھلک دکھانے کیلئے ایک خصوصی مصنوعی منڈپم بھی بنایا گیا ہے۔

یہ اقدام بھارت آنے والے سیاحوں کی تعداد میں اضافہ کرنے اور بھارت کو ایک اہم عالمی سیاحتی مقام بنانے کے بھارت اس کے انتہائی اہم ہدف کے عین مطابق ہے۔x

## Telangana Paddy Procurement

تلنگانہ کے وزیراعلیٰ A Revanth Reddy نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی ہے کہ ریاست بھر میں دھان کی خریداری کیلئے سبھی ضروری اقدامات کریں۔ وزیراعلیٰ نے انہیں یہ بھی ہدایت دی ہے کہ وہ دھان کی خریداری میں تیزی لائیں۔ وزیراعلیٰ نے یہ

مشورہ بھی دیا ہے کہ خصوصی افسروں کو دھان کی خریداری کے مراکز کا دورہ کرنا چاہیے۔ انہوں نے حکام سے کہاہے کہ وہ کسانوں کی شکایات کا بروقت ازالہ کریں اور وقتاً فوقتاً دھان کی خریداری پر قریبی نگاہ رکھیں۔

اِس دوران شہری رسدات کے وزیر N Uttam Kumar Reddy نے مِل مالکان سے اپیل کی ہے کہ وہ دھان کی خریداری میں تعاون کریں۔

انہوں نے اعلان کیا کہ تلنگانہ ریاست دھان کی ریکارڈ پیداوار حاصل کرنے جارہی ہے اور اندازہ ہے کہ اِس سیزن میں 150 لاکھ میٹرک ٹن دھان کی پیداوار ہوگی۔x

## Tennis Moselle Open

ٹینس میں بھارت کے Rithvik Choudary Bollipalli اور فرانس کے ان کے ساتھی کھلاڑی Francisco Cabral فرانس میں Moselle اوپن کے مردوں کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

Bollipalliاور Cabral کل رات اس وقت کوارٹر فائنل میں پہنچے جب انہیں فرانسیسی کھلاڑی آرتھر Cazaux اور Harold Mayot کے خلاف واک اوور مل گیا۔

اب کوارٹر فائنل میں بھارت و پرتگال کی جوڑی کا سامنا جمعرات کو میکسیکو کے Santiago Gonzalezاور فرانس کے Edourad Roger کی جوڑی سے ہوگا۔ x

## Soft Tennis Silver

سوفٹ ٹینس میں بھارت کی تنوشری پانڈے نے چین کے Jingshan میں عالمی سوفٹ ٹینس چمپئن شپ میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ وہ کل اکیس سال سے کم عمر کی خواتین کے انفرادی سنگلز کے فائنل میں چینی تائپے کی Chiang Min Yu سے تین-چار سے ہار گئی تھیں۔

اِس سے پہلے تنوشری نے سیمی فائنل میچ میں اپنی جاپانی حریف کو چار تین سے شکست دی تھی۔x

## Chennai Masters Chess

شطرنج میں چنئی گرانڈ ماسٹرس ٹورنامنٹ کا دوسرا ایڈیشن آج Anna Centenary Libraryمیں شروع ہورہاہے۔ یہ ٹورنامنٹ شطرنج کے کلاسیکل فارمیٹ میں کھیلا جائے گا اور اِس مقابلے میں، 2729 کے اوسط ریٹنگ کے ساتھ سات راؤنڈ ہوں گے۔

شطرنج میں دنیا کے تیسرے نمبر کے کھلاڑی گرانڈ ماسٹرArjun Erigaisi ، Vidit Gujrathi، R Vaishaliاور Harika Dronavalli کے ہمراہ اِس ٹورنامنٹ میں بھارت کی نمائندگی کریں گے-x

## Table Tennis

ٹیبل ٹینس میں بھارت کی Sreeja Akula آج جرمنی میں WTT Champions Frankfurtمقابلے میں اپنی مہم کا آغاز کریں گی- بھارت کی ٹیبل ٹینس کھلاڑی خواتین کے سنگلز کے پہلے راؤنڈ میں Puerto Rico کی Adriana Diaz کا سامنا کریں گی-

اِس سے پہلے اُن کی ہم وطن کھلاڑی Manika Batra ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئی تھیں کیونکہ پہلے راؤنڈ میں انہیں جنوبی کوریا کی Shin Yubin نے صفر-تین سے ہرادیا تھا-x

## Delhi Pollution

دلی NCR میں ہوا کا معیار نہایت خراب زمرے میں برقرار ہے- آلودگی پر قابو پانے کے مرکزی بورڈ CPCB کے مطابق دلی میں ہوا کے معیار کا اشاریہ آج صبح سات بجے 385 ریکارڈ کیا گیا-

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے پیشگوئی کی ہے کہ دلی NCR میں اگلے دو سے تین دن میں رات اور صبح کے وقت کے دوران دھواں اور ہلکی دھند چھائے رہنے کا امکان ہے-

آلودگی پر قابو پانے سے متعلق مرکزی بورڈ CPCB کے اعداد و شمار کے مطابق شہر کچھ حصوں میں AQI انتہائی خراب زمرے میں پہنچ گیا ہے اور یہ 400 کے نشانے سے تجاوز کر گیا ہے-

AQIآنندوہار میں 457، اشوک وہار میں 419، بوانا میں 414، جبکہ روہنی میں 405 تک پہنچ گیا ہے-x

یہ تھی خبریں

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: حسین اختر

شکریہ -شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے- روزنامہ راشٹریہ سہارا اور دیگر کئی اخباروں نے

اتراکھنڈ میں زبردست بس حادثے میں 36 مسافروں کی موت اور متعدد افراد کے زخمی ہونے کی خبر کو پہلی بڑی خبر بنایا ہے۔

اخبار لکھتا ہے کہ اس حادثے پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، وزیراعظم نریندر مودی، وزیر دفاع، مرکزی وزیر داخلہ، اتراکھنڈ کے وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی اور کانگریس صدر ملکاارجن کھڑگے اور اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی سمیت دیگر سرکردہ رہنماؤں نے گہرے رنج و غم کااظہار کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے کنیڈا میں ہندو مندر پر ہوئے حملے کے تعلق سے وزیراعظم نریندر مودی کے اس بیان کو پہلی بڑی خبر بنایا ہے کہ اس طرح کے اقدامات سے بھارت کا عزم کمزور نہیں ہوگا۔

اسی اخبار نے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے ہاتھوں آسٹریلیا کے شہر برسبین میں نئے قونصل خانے کے افتتاح کئے جانے کی خبر کو ذیلی سرخی بناتے ہوئے اُن کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ بھارت ترقی کی راہ پر گامزن ہے اور دنیا کے ساتھ آگے بڑھنا چاہتا ہے۔

روزنامہ ملاپ اور پرتاپ سمیت آج کے کئی اخباروں نے بھارت اور ویتنام کے درمیان فوجی مشق وِن بیکس 2024 کے پانچویں اڈیشن کا آغاز ہونے کی خبر کو پہلے صفحے کی سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ انقلاب اور راشٹریہ سہارا نے یوپی کابینہ کی میٹنگ میں کئی اہم تجاویز کو منظور کیے جانے کی خبر کو پہلے صفحے پر پیش کیا ہے اور ساتھ ہی کئی اخباروں نے دلی میں فضائی آلودگی مزید خراب کے زمرے میں پہنچنے کی خبر کو سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ کی ایک خبر کے مطابق آگرہ میں فضائیہ کا جنگی طیارہ تباہ۔ پائلٹ محفوظx

***

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندر مودی نے کناڈا میں ہندو مندر پر ہوئے حملے کی سخت مذمت کی ہے اور کینیڈا کی حکومت سے انصاف اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنانے کے لیے کہا ہے۔

2 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں پہلے ایشیائی بودھ اجلاس میں شرکت کریں گی۔

3 بھارتی ریلویز آج دلی NCRسے ملک کے مختلف حصوں میں تہواروں کے پیشِ نظر 22 خصوصی ٹرینیں چلا رہا ہے۔

4 امریکہ میں نئے صدر کو منتخب کرنے کے لیے آج ووٹ ڈالے جائیں گے۔

5 FTIIsکے طالب علم کی فلم "Sunflowers Were The First Ones To Know"

نے لائیو ایکشن مختصر فلم کے زمرے میںOscar کے لیے کوالیفائی کرلیا ہے۔

6 اور:

ٹینس میں بھارت کے Rithvik Choudhary Bollipalli اور ان کے پرتگال کے ساتھی کھلاڑی Francisco Cabral فرانس میں (موزیل) اوپن کے مردوں کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------